शिकार

شکار

اداکاران

آشا پاریکھ - دھرمیندر

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

شکاری فلم کے

گانا نمبر ۱

پردے میں رہنے دو پردہ نہ اُٹھاؤ
پردہ جو اُٹھ گیا تو بھید کھل جائے گا
اللہ میری توبہ اللہ میری توبہ
میرے پردے میں لاکھ جلوے ہیں
کیسے مجھ سے نظر ملاؤ گے
جب ذرا سی نقاب اُٹھاؤں گی
یاد رکھنا کہ جل جاؤ گے
حسن جب بے نقاب ہوتا ہے
وہ سماں لاجواب ہوتا ہے
خود کو خود کی خبر نہیں رہتی
ہوش والا بھی ہوش کھوتا ہے
ہائے جس نے مجھے بنایا ہے
وہ بھی مجھکو سمجھ نہ پایا ہے
مجھکو سجدے کئے ہیں انساں نے
ان فرشتوں نے سر جھکایا ہے

گانا نمبر ۲:- تمہارے پیار میں ہم بیقرار ہو کے چلے
شکار کرنے کو آئے شکار ہو کے چلے
تمہیں قریب سے دیکھا تو دل کو ہار دیا
تمہاری شوخ ادا نے ہمیں تو مار دیا
ہر ایک بات پہ ہم تو نثار ہو کے چلے
تمہاری آنکھ محبت کی بات کہتی ہے
تمہیں ضرور کسی کی تلاش رہتی ہے
یہ راز جان گئے راز دار ہو کے چلے
نہ اتنا ہوش نہ اپنی خبر کہاں ہیں ہم
اسی کا نام محبت ہے اے میرے ہمدم
تمہارے کوچے میں دیوانہ وار ہو کے چلے
گانا نمبر ۳:- ہائے میرے پاس تو آ کدھر خیال ہے
آنکھ سے آنکھ تو ملا کدھر خیال ہے
ادھر بھی ایک نظر کر لے
میرے من چاہے پروانے
گھڑی ایسی نہ آئے گی کہاں کھویا ہے دیوانے
پڑے ہیں ہم بھی راہوں میں
مٹا لے جتنا جی چاہے
صنم ہم بھی تیرے بیمار ہیں

تمنا ہے خفا جی چاہے
مچلتا ہے دلِ ناداں نہیں مانے بڑی مشکل
کہاں تک تجھکو سمجھاؤں
میرا بن جا میرے قاتل
گانا نمبر۴: رہبرے سرکار رہبری آہوں کا
اثر دیکھ لیا
رک گئے آپ دعاؤں کا اثر دیکھ لیا
پیار سچا ہے تو یہ
وقت بھی رک جاتا ہے
آسماں لاکھ بھی اونچا رہے جھک جاتا ہے
اپنے دل کی دعاؤں کا
اثر دیکھ لیا
آگئے آپ کے قدموں پہ اتر کے بادل
بن گئی مست گھٹا آپ کے سر کا آنچل
آپ نے شوخ فضاؤں کا
اثر دیکھ لیا
آپ کے پھول سے چہرے پہ ہنسی بھی آئی
نئے سو رنگ لئے دل میں خوشی بھی آئی
آپ نے عشق کی راہوں کا اثر دیکھ لیا

گانا — میں البیلا پیار جتا کر
لے لیتی ہوں دل
ایک نظر میں جس پہ ڈالوں
ہو جائے غافل
میری آنکھیں جو بھی دیکھے
بہکا بہکا جائے
میری باتیں جو بھی سن لے
سو سو چکر کھائے
میرے جیسا کون ملے گا مستانہ قاتل
ایک نظر میں جس پر —
بچ کے رہنا اے دل والو
میں ہوں ایک بلا
ہنس ہنس کر جو چاہے لے لوں
وہ ہوں شوخ ادا
جس کو چاہوں کر لیتی ہوں
پل بھر میں حاصل
چندا سے بھی اجلی ہوں
میں شعلہ ہوں چنگاری
بھول سمجھ کر دل سے کھیلوں بن تتلی متوالی

دم سے میرے اس دُنیا کی رنگین ہے محفل

گانا نمبر ۱۰ ـ جب سے لاگی تو سے نجریا

تن من میں دوڑے ہے بجریا

آجا آجا مورے سانوریا

موسے سنبھلے نہ بالی عمریا

نین ہوئے ہیں دونوں گلابی

چال چلوں میں جیسے شرابی

بھید جیا کے کیسے بتاؤں

برہ نے مورا جیرا کنتائی

رنگ میں تورے میں رنگ گئی

پیار کی بتیاں میں تو سمجھ گئی

جان لے تو بھی مورے بالم

آج کا ہے اِتنی سج گئی

راہ تو بلی ڈر موہے لاگے

تھام لے بئیاں سامنے آکے

گود میں تیری کھو جاؤں

جو ملے تو بھاگ یہ جاگے

ختم شُد

فلم میں بھرتی ہونے سے پہلے اپنے آپکو ایک ایکٹر بنانا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں ایکٹریسوں کے حالات نیز پرائیوٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۱/۱۰ علاوہ محصول ڈاک خرچ

فلمی ہارمونیم گائڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں اتنی دوسری چیز کو نہیں اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اس لیے قابل مصنف کو اس کتاب کے اندر تمام سر اور گانے جمع کئے ہیں۔ قیمت صرف ۱/۱۰ علاوہ محصول ڈاک خرچ

زنن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

اردو انگلش میٹرک پاس

دُنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک انگریزی بولی جاتی ہے۔
دُنیا کے چھوٹے بڑے بیوپاروں میں ملوں میں اور کارخانوں میں
غرضیکہ دنیا میں ہر جگہ انگریزی کا بول بالا ہے۔ آپ اگر انگریزی
نہیں جانتے تو آپ دُنیا سے الگ تھلگ پڑے رہیں گے۔ اسلئے
انگریزی سیکھئے۔ انگریزی خاندانوں میں جس طرح بچے اپنے
گھر والوں سے انگریزی بولنا سیکھ لیتے ہیں۔ آپ بھی صرف
ایک گھنٹہ روزانہ ہماری کتاب کو پڑھکر تین مہینے میں
سیکھ سکتے ہیں۔ اور انگریزی میٹرک کی قابلیت حاصل کر
سکتے ہیں۔ یہ کتاب یورپ کے ایک مشہور مصنف کی
کتاب کی مدد سے لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب ہائی سکول
و کالج کے لڑکوں کیلئے فائدہ مند ہے۔ بہت آسان
زبان میں لکھی گئی ہے صرف انگریزی میں میٹرک کا امتحان
دینے والے لڑکے اور لڑکیاں اس اکیلی کتاب کی مدد
سے پاس ہو گئے ہیں۔ جلد منگوا کر فائدہ اٹھائیں

قیمت صرف چھ روپے بمعہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی